فوری ریلیز کے لیے: 29/9/2022 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL کی جانب سے نیویارک کے مہلک طوفان سے متاثرہ باشندوں کی مدد کے لیے سمندری طوفان ایڈا سے بحالی کے عملی منصوبے کا اعلان***

***اعلان نیویارک میں سمندری طوفان ایڈا آنے کے ایک سال بعد ہوا ہے***

***لچک کو بڑھانے کے لیے بحالی کی گرانٹوں پر عوامی تبصروں کا عرصہ اب کھلا ہے***

***سماعتوں کا انعقاد 8 ستمبر اور 13 ستمبر کو ہو گا***

گورنر Kathy Hochul نے آج گورنر کے دفتر برائے طوفان سے بحالی کی طرف سے مجوزہ عملی منصوبے کے اجراء کا اعلان کیا ہے تاکہ ایک سال قبل آنے والے سمندری طوفان ایڈا سے بحالی اور مستقبل میں آنے والے طوفان کے واقعات میں علاقوں کی لچک کو تقویت دی جا سکے۔ مجوزہ منصوبے میں ایسے اقدامات کی کفالت کے لیے وفاقی فنڈنگ میں $41.2 ملین شامل ہیں جو تاریخی طور پر محروم علاقوں کو ترجیح دیتے ہوئے رہائشیوں کو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے ہم آہنگ ہونے میں مدد فراہم کریں گے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "جیسے جیسے نیویارک کے مکین سمندری طوفان ایڈا کے بعد سے بحالی کی طرف گامزن ہیں، ہم اپنے بنیادی ڈھانچے کی تعمیرِ نو کے لیے پوری طرح پُرعزم ہیں، خصوصاً اپنے کمزور ترین علاقوں میں۔ ہمارا عملی منصوبہ سب سے زیادہ متاثرہ اور پریشانی کے شکار علاقوں میں رہائش، کاروبار اور دیگر کلیدی پروگراموں کے لیے فنڈنگ کو ترجیح دے گا - اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرتے ہوئے کہ نیویارک کے تمام مکینوں کو ہماری بحالی کے ساتھ ہی اوپر اٹھایا جائے۔ جبکہ ہم موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹیں گے، ہم نیو یارک کے مکینوں اور ان کے علاقوں کو شدید موسمی واقعات کے بعد بحال ہونے میں مدد کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنا جاری رکھیں گے"۔

گورنر نے یہ بھی اعلان کیا کہ ریاست متعدد ایسے مجوزہ پروگراموں پر عوامی رائے لے گی جو رہائشی مکانات کو ایڈا سمندری طوفان سے پہنچنے والے نقصان کا ازالہ کریں گے، مستقبل میں سیلاب سے ہونے والے نقصان کے خطرے کو کم کرنے کے لیے لچک کو بہتر بنائیں گے، اور کم سے لے کر درمیانی آمدنی والے علاقوں میں بحالی پر توجہ مرکوز کریں گے۔ نیویارک کے مکینوں کو منصوبے پر رائے دینے کے لیے 28 ستمبر تک یہاں، 8 ستمبر کو شام 6:30 بجے نیو روچیل سٹی ہال میں ذاتی طور پر ہونے والی عوامی سماعت میں، یا 13 ستمبر کو شام 6:30 بجے مجازی سماعت میں شرکت کر نے (مجازی سماعت کی معلومات کے لیے یہاں کلک کریں) کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔

1 ستمبر 2021 کو، سمندری طوفان ایڈا گھروں اور سڑکوں پر سیلاب لے آیا تھا، جس سے $7.5 بلین ڈالر کا نقصان ہوا اور نیویارک کے 17 باشندے ہلاک ہوئے۔ فیما نے 11,000 گھروں کو سیلاب سے ہونے والے نقصان کی نشاندہی کی۔ اس موسمِ بہار کے شروع میں، امریکہ کے محکمہ برائے رہائش و شہری ترقی (HUD) نے CDBG-DR فنڈز میں $3 بلین مختص کرنے کا اعلان کیا تاکہ علاقوں کو سمندری طوفان ایڈا سمیت آفات سے یکساں طور پر بحال

کرنے اور موسمیاتی تبدیلیوں سے لچک پیدا کرنے میں مدد فراہم کی جا سکے۔ GOSR کو آج کے مجوزہ پروگراموں کی کفالت کرنے کے لیے 41.2$ ملین مختص کیے گئے تھے۔

عوامی تبصرے کی مدت جو اب سے 28 ستمبر تک کھلی ہے، کے بعد GOSR تبصروں اور سماعتوں کے تاثرات کی بنیاد پر ایکشن پلان کی تجدید کر سکتا ہے۔ جو بھی تجدیدیں ہوں گی وہ یہاں دستیاب ہوں گی۔ GOSR کے نچلی سطح پر، محلے سے چلنے والے عمل، جو سوپر سٹارم سینڈی کے بعد منصوبہ جانت کی منصوبہ بندی کے لیے استعمال کیا گیا تھا، سے آگاہی پا کر ایجنسی پھر منصوبے کے پلانز کو باقاعدہ بنانے اور تعمیرات کو نافذ کرنے کے لیے مقامی علاقوں، منتخب عہدیداروں اور حصہ داروں کے ساتھ مل کر کام کرے گی۔

**گورنر کے دفتر برائے طوفان سے بحالی کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Katie Brennan نے کہا،** "سمندری طوفان ایڈا ایک واضح یاد دہانی تھی کہ اگلی موسمی ہنگامی صورت حال میں اگر، مگر کب سے بات نہیں بنے گی۔ ہمارا عملی منصوبہ نیویارک کے باشندوں کی تعمیرِ نو اور مستقبل میں خود کو محفوظ رکھنے کے لیے اقدامات کرنے میں مدد کرے گا"۔

مجوزہ عملی منصوبہ مقامی حکام، علاقائی قائدین، بلامنافع کام کرنے والی تنظیموں، سرکاری رہائشی محکمہ جات، اور دیگر سرکاری اداروں سے مہینوں تک رابطوں کی عکاسی کرتا ہے۔ GOSR نے طے کیا کہ رہائشی بحالی ایڈا سے متاثرہ علاقوں میں پوری نہ ہونے والی سب سے بڑی ضرورت کی نمائندگی کرتی ہے۔ پھر ایجنسی نے تباہ شدہ علاقے میں تخفیف کی سب سے بڑی ضروریات کی نشاندہی کرنے کے لیے خطرے کا ایک تخمینہ تیار کیا۔ پانی اور سیلاب کو سب سے زیادہ خطرہ لاحق کرنے والا پایا گیا اور اس لیے سیلاب کے اثرات کو کم کرنے سے سلامتی اور لچک پر سب سے زیادہ اثر پڑے گا۔

ایجنسی نے موسمیاتی تبدیلیوں اور قدرتی آفات کے اثرات کے خطرے کی پیمائش کے لیے سماجی کمزوری کے انڈیکس کا استعمال کیا۔ اس تحقیق سے پتہ چلا کہ جن علاقوں کو سب سے زیادہ نقصان پہنچا وہ ایسے علاقے تھے جو سب سے کم بحالی کے متحمل ہو سکتے تھے اور ماضی میں تباہی سے بحالی کے دوران تاریخی طور پر ان کو کم ترجیح دی گئی تھی، جیسے انگریزی کی محدود مہارت رکھنے والے افراد اور کم سے لے کر درمیانی آمدنی والے رہائشی۔

نتیجتاً، GOSR کم سے لے کر درمیانی آمدنی والے رہائشیوں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے کرایہ داروں، گھر مالکان، اور سستی رہائش کے مالکان اور منتظمین کو ہدف بنانے والے بحالی اور لچک کے طویل المعیاد پروگراموں کے لیے گرانٹ فنڈنگ فراہم کرے گا۔ انفرادی امداد کے لیے صدارتی آفات کے اعلان کے ساتھ پروگرام نیویارک شہر سے باہر کاؤنٹیوں کے لیے کھلے ہوں گے، بشمول ڈچز، ناساؤ، اورنج، راکلینڈ، سافک، اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹیاں۔ نیویارک سٹی نے محکمہ برائے رہائش و شہری ترقی سے علاقائی ترقی کی بلاک گرانٹ آفاتی بحالی فنڈنگ کی اپنی مختص رقم حاصل کی۔

مجوزہ گرانٹ پروگراموں میں شامل ہیں:

**<u>کرایہ داروں کی لچکدار رہائش</u>**
یہ پروگرام کرایہ داروں کی حوصلہ افزائی کرے گا کہ وہ طوفان سے تباہ شدہ مکانات سے نقل مکانی کریں اور اپنے موجودہ علاقوں میں رہتے ہوئے کرایہ داروں کو نئے محفوظ اور مستحکم مکانات حاصل کرنے کے لیے مالی مدد فراہم کریں۔ یہ مستقبل میں سیلاب کے خطرے کو کم کرنے کے لیے گھروں کی لچک کو بہتر بنانے میں بھی مدد فراہم کرے گا۔

**<u>رہائشی بحالی اور زر تلافی</u>**
یہ پروگرام رہائشی مکانات کو طوفان سے ہونے والے نقصانات کی مرمت اور/یا مکمل شدہ مرمت کی ادائیگی میں سرمایہ کاری کرے گا۔ یہ لچک کے اقدامات کو بھی نافذ کرے گا جن میں میکینیکل، الیکٹریکل اور پلمبنگ کی خامیوں کو دور کرنا، سیلابی پانی کی نکاسی، اور الٹا بہنے والے پانی کو روکنے کے والو شامل ہیں۔

**<u>سستی رہائشی لچک</u>**
یہ پروگرام سیلاب سے بچاؤ کے اقدامات اور کثیر خاندانی عوامی اور سستی رہائشی عمارت میں لچک کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ جہاں ممکن ہو سستی رہائش کی توسیع میں سرمایہ کاری کرے گا۔ منصوبوں میں فلڈ پروف عمارتیں، ہنگامی جنریٹر، پانی کو برقرار رکھنے کے نظام، اور نکاسئ آب میں بہتری شامل ہو گی۔

**<u>لچکدار سرمایہ کاریاں</u>**
یہ پروگرام مقامی حکومتوں میں تخفیف اور بنیادی ڈھانچے کی لچک میں بہتری کے لیے اضافی فنڈنگ کے مواقع سے بہتر فائدہ اٹھانے کے لیے سرمایہ کاری کرے گا۔ یہ ہنگامی منصوبوں اور مطالعات کی تخلیق میں بھی مدد کرے گا تاکہ علاقوں کو مستقبل کے واقعات کا مقابلہ کرنے کے لیے بہتر طریقے سے لیس کیا جا سکے۔

**سینیٹر Charles E. Schumer نے کہا،** "سمندری طوفان ایڈا نے نیویارک بھر میں علاقوں کو تباہ کر دیا جس سے لاکھوں سڑکوں، کاروباری اداروں اور سینکڑوں گھروں کو نقصان پہنچا۔ میں نے نیویارک سٹی اور ہڈسن ویلی کے خاندانوں اور علاقوں کو وہ مدد فراہم کرنے کے لیے وفاقی فنڈز میں لاکھوں کی فراہمی کے لیے جان توڑ کوشش کی ہے جو انہیں بحالی اور دوبارہ مضبوطی کے لیے درکار ہے۔ میں گورنر Hochul کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے ان ڈالروں کو ہمارے علاقوں کو مزید لچکدار بنانے اور لوگوں کو بحالی کے راستے پر لانے میں مدد کرنے کے لیے لگایا"۔

**نمائندے Gregory Meeks نے کہا،** "سمندری طوفان ایڈا اور ماضی کے تباہ کن طوفان جنہوں نے میرے ضلع اور ریاست نیویارک میں علاقوں کو تباہ کر دیا ہے، نے موسمیاتی بحران کے تباہ کن اثرات کو واضح کر دیا ہے۔ میں علاقوں کی تعمیرِ نو اور سمندری طوفان ایڈا سے بحالی میں مدد کے لیے وفاقی فنڈ مختص کرنے پر گورنر Hochul کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔ یہ بہت اہم ہے کہ ہم طوفان سے بچنے کی کوششوں میں سرمایہ کاری جاری رکھیں اور مضبوط ماحولیاتی پالیسیوں کو نافذ کریں جو انتہائی موسمی واقعات کے اثرات کو کم کریں گی"۔

**نمائندے Sean Patrick Maloney نے کہا،** "سمندری طوفان ایڈا نے وادی ہڈسن کو تباہ کن دھچکا پہنچایا ہے، جس سے ہمارے علاقے میں 11,000 سے زائد مکانات کو نقصان پہنچا۔ گزشتہ ایک برس سے، میں تعمیرِ نو کرنے کے لیے اضافی فنڈنگ اور مدد حاصل کرنے کے لیے کام کرتا رہا ہوں، اور میں ان وفاقی وسائل کو استعمال کرنے پر گورنر Hochul کا شکر گزار ہوں جنہیں تعمیرِ نو اور بحالی کے لیے فراہم کیے جانے کے لیے میں نے ووٹ دیا تھا۔ چونکہ موسمیاتی تبدیلی کے نتیجے میں اس نوعیت کے طوفان زیادہ آنا جاری ہیں، لچکدار علاقوں کی تعمیر سب سے زیادہ اہم ہو گی"۔

**ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی، ایگزیکٹو George Latimer نے کہا،**"موسمیاتی تبدیلی حقیقی ہے اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں یہ وقوع پذیر ہو چکی ہے۔ میں نیویارک کو سمندری طوفان ایڈا سے بحال ہونے میں مدد کرنے میں ان کی قیادت، اور بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کرنے، خصوصاً تاریخی طور پر کم سہولیات والے علاقوں کو ترجیح دینے اور کرایہ داروں کے ساتھ ساتھ گھر کے مالکان پر توجہ مرکوز کرنے پر گورنر Kathy Hochul کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔ یہاں ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں ہمارے رہائشی طوفانوں کے تکلیف دہ اور نقصان دہ اثرات کو اچھی طرح جانتے ہیں، اور اس لیے یہ ضروری ہے کہ ہم مستقبل کے خطرات کو کم کرنے کے لیے لچک کو بہتر بنائیں"۔

**گورنر کے دفتر برائے سیلاب سے بحالی کے بارے میں**
جون 2013 میں قائم کیا گیا، GOSR سینڈی طوفان، ہری کین ارین، اور حاری طوفان لی کے لیے ریاست بھر میں بحالی کی کوششوں کو مربوط کرتا ہے۔ GOSR حال ہی میں سمندری طوفان ایڈا سے بحالی اور لچک کی کوششوں کو بھی مربوط کر رہا ہے۔

رہائشی بحالی، چھوٹے کاروبار، علاقائی تعمیرِ نو، بنیادی ڈھانچے، قومی آفاتی لچکداری، اور ڈیزائن پروگراموں کی تعمیرِ نو کے ذریعے، GOSR نے فیڈرل کمیونٹی ڈویلپمنٹ بلاک گرانٹ-ڈیزاسٹر ریکوری فنڈنگ میں $4.5 بلین کی

سرمایہ کاری کی ہے تاکہ نیویارک کو شدید موسمی واقعات کے لیے بہتر طریقے سے تیار کیا جا سکے۔ GOSR کمیونٹی ڈیولپمنٹ بلاک گرانٹ-کورونا وائرس (CDBG-CV) کے فنڈز کا بھی فائدہ اٹھا رہا ہے تاکہ لچک کے اقدامات کو نافذ کیا جا سکے جس میں اس کا ماؤنٹ ورنن صحت مند گھرانے ابتدائی پروگرام شہر کے نکاسئ آب کے بحران سے متاثر گھروں کی مرمت کرتا ہے۔ GOSR اور اس کے پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات http://stormrecovery.ny.gov/ پر دستیاب ہے۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418